# رپورٹ بابت استحکام، کارپوریٹ معاشرتی ذمہ داری

ایک ذمہ دار کارپوریٹ شہری ہونے کے ناطے سانگھڑ شوگر ملز لمیٹڈ ایک روشن کل کی خاطر معاشرے کے ضمن میں اپنی ذمہ داریاں ادا کرنے کیلئے کوشاں ہے۔ پاکستان کے معاشرے اور عوام کی اجتماعی اور معاشرتی زندگی میں بہتری پیدا کرنے کیلئے کمپنی کی جانب سے متحرک کردار ادا کیا جارہا ہے۔ کمپنی اس بات پر یقین رکھتی ہے کہ معاشی اور معاشرتی اقدار کے فوائد پورے ملک میں ہر خاص و عام تک پہنچنے چاہئیں۔ اپنی اس پالیسی کی پاسداری کے اظہار کیلئے کمپنی کی جانب سے ذیل میں رپورٹ پیش خدمت ہے۔

**تعلیم:**

وطن عزیز کے دیہی علاقوں سے جہالت کے خاتمے کیلئے کمپنی کی جانب سے 2008 میں القلم ویلفیئر ٹرسٹ اسکول کے تحت ایک تعلیمی پروگرام کا آغاز کیا گیا ہے جس کے ذریعے ماہر اساتذہ کی زیر نگرانی مل کے احاطے میں ملز ایمپلائیز کالونی کے قریب فیکٹری کے ملازمین کے بچوں اور قرب و جوار کے دیہی علاقوں کے بچوں کو رعایتی بنیادوں پر تعلیم کی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ اس تعلیمی سفر کا آغاز کے جی کی سطح پر ایک کمرے سے 10 طلباء کے ساتھ ہوا۔ اب دیکھتے ہی دیکھتے یہ تعلیمی عمل ایک خوبصورت عمارت کے ساتھ 230 طلباء تک پہنچ چکا ہے جہاں ایک صاف اور ستھرے ماحول میں یہ تعلیمی سفر جاری ہے۔ اسکول کی عمارت تمام بنیادی سہولیات سے مزین ہے جن میں روشن اور ہوادار درسگاہیں، کمپیوٹر کی لیبارٹری، دیگر لیبارٹریاں، کھیل کا میدان، ٹک شاپ اور بجلی کی بلا تعطل فراہمی جیسی سہولیات شامل ہیں۔ اسکول کا عملہ ایک ہیڈ مسٹریس، چودہ (14) خواتین معلمات اور ایک عربی معلّمہ (عالمہ) پر مشتمل ہے۔ اس اسکول کے قیام کے بنیادی مقاصد میں قرب و جوار کے غریب عوام کی امداد، لڑکیوں کی تعلیم کا فروغ، بچوں کی تعلیم کے ساتھ ساتھ ایک چھت کے نیچے اسلامی تعلیم و معاشرتی تربیت فراہم کرنا اور اپنی صلاحیتوں کی شناخت کروانا وغیرہ شامل ہیں۔ ان دور افتادہ علاقوں میں تعلیم کا حصول ایک بہت بڑا مسئلہ ہے بالخصوص ان لوگوں کیلئے جو اخراجات کی وجہ سے معیاری تعلیم سے محروم ہیں اور گھر کے قریب تعلیمی سہولیات کا تصور بھی بعید از قیاس ہے۔ مزکورہ بالا تعلیمی سرگرمیوں کے علاوہ یہاں مختلف سرگرمویں کا اہتمام بھی کیا جاتا ہے جیسا کہ سالانہ کھیلوں کے مقابلوں کا دن اور والدین سے ملاقات کا دن وغیرہ۔

**طبی سہولیات:**

کمپنی اس جانب پر اپنی توجہ بالخصوص مرکوز کئے ہوئے ہے کہ حادثات کے واقعات میں کمی لائے جائے، صحت اور علاج معالجے کی بنیادی سہولیات فراہم کی جائیں اور مل کے قرب و جوار میں صفائی، سبزے اور بہتر ماحول کا انتظام کیا جائے تاکہ ملازمین اور دیگر عوام کو صحت افزاء ماحول فراہم کیا جاسکے اور کمپنی کے کاروباری افعال سرانجام دینے کیلئے ملازمین، صارفین اور دیگر عوام اور پورے معاشرے کے حق میں بنیادی حفاظتی اصولوں کی پاسداری کی جائے۔ ماہر ڈاکٹروں کی زیر نگرانی کمپنی کی جانب سے ایک ڈسپنسری بھی چلائی جارہی ہے جس میں نا صرف کمپنی کے ملازمین بلکہ قرب و جوار کے عوام کو بھی طبی سہولیات فراہم کی جاتی ہیں۔

زیر نظر مالی سال کے دوران کمپنی کے احاطے میں دو دن کیلئے یکم اور دوم فروری 2018 کو آنکھوں کے معائنے کا کیمپ لگایا گیا۔ اس کیمپ کے دوران نوسو (900) سے زائد مریضوں کی آنکھوں کا معائنہ کیا گیا اور 390 مریضوں کی آنکھوں کا کامیاب آپریشن کیا گیا۔ اس کیمپ کے آغاز سے قبل ریڈیو، کیبل، سوشل میڈیا اور پمفلٹ کے ذریعے عوام تک اس کیمپ کی معلومات پہنچائی گئیں تاکہ ضرورت مند افراد تک ہر ممکن ذرائع سے یہ پیغام پہنچ جائے۔ سانگھڑ اور پیرو

مل کے علاقے میں مریضوں اوران کے ساتھ آنے والوں کیلئے آمدورفت مفت بندوبست بھی کیا گیا تھا۔ ڈاکٹروں، دیگر عملے، مریضوں اوران کے ساتھ آنے والے افراد کیلئے مفت قیام وطعام کا بندوبست بھی کیا گیا تھا۔ مفت علاج اور آپریشنوں کے ساتھ ساتھ مریضوں کو مفت ادویات بھی فراہم کی گئیں۔ اس کیمپ کے قیام کیلئے اخراجات کا بندوبست جزوی طور پر انتظامی افسران کی جانب سے کیا گیا اور بقیہ اخراجات کمپنی کی جانب سے ادا کیئے گئے۔

اپنے ملازمین کو مزید اور بہتر طبی سہولیات فراہم کرنے کی غرض سے کمپنی کی جانب سے وزارت سمندر پار پاکستانی وترقی برائے انسانی وسائل، ورکرز سوشل ویلفیئر فنڈ، حکومت پاکستان اسلام آباد سے گفت وشنید کی گئی ہے جن کی جانب سے اس بات پر آمادگی کا اظہار کیا گیا ہے سوشل ورکرز ویلفیئر فنڈ کمپنی کے احاطے سانگھڑ میں پچاس بستروں پر مشتمل ایک ہسپتال قائم کرے گا بشرطیکہ کمپنی کی جانب سے پانچ ایکڑ زمین اس مقصد کیلئے بذریعہ ٹرانسفر ورکرز ویلفیئر فنڈ، وزارت سمندر پار پاکستانی وترقی برائے انسانی وسائل حکومت پاکستان کو منتقل کردی جائے۔

غیر معمولی اجلاس عام منعقدہ 23 نومبر 2016 میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے زمین الاٹ کئے جانے کی سفارش کے ضمن میں حصص داران نے بھی اپنی منظوری دے دی کہ سانگھڑ میں کمپنی کی 320 ایکڑ زمین میں سے عطیہ (کیس بھی ادائیگی یا رہن کے بغیر مفت) برائے 5 ایکڑ زمین کی کاروائی عمل میں لائی جائے۔

کمپنی کی مزکورہ بالا زمین واقع سانگھڑ پر پچاس بستر کے ہسپتال کے قیام کیلئے ورکرز ویلفیئر فنڈ، وزارت سمندر پار پاکستانی وترقی برائے انسانی وسائل حکومت پاکستان کو زمین منتقل کئے جانے کے معاہدے کو عملی صورت دینے کی غرض سے زمین منتقل کئے جانے اور دیگر دستاویزات کی تکمیل کا عمل تاحال زیر تکمیل ہے۔

### اجتماعی معاشرتی ترقی:

عوام اور کمپنی کے ملازمین کے معیار زندگی میں بہتری لانے کی غرض سے کمپنی کی جانب سے بنیادی طور پر چند اقدامات اٹھائے گئے ہیں جن میں کام کرنے کیلئے سازگار ماحول کی فراہمی، پیشہ ورانہ امور سرانجام دینے کے دوران حفاظتی اقدامات، کم از کم اجرت کے قوانین پر عملدرآمد اور بچوں سے مزدوری اور بیگار کے خلاف اقدامات جیسی کوششیں شامل ہیں۔

علاقے میں گنے کے کاشتکاوں کو سہارا دینے کیلئے اور اس غرض سے کہ گنے کی معیاری اور بہتر پیداوار کے ذریعے سے شوگر ملوں کو بلاتعطل خام مال کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے کاشتکاورں کو اعلی معیار کے بیج اور کھاد فراہم کئے جانے جیسے اقدامات بھی اٹھائے گئے ہیں۔

کمپنی کی جانب سے کمپنی کے قرب وجوار کے علاقوں کو سرسبز، خوبصورت اور صاف ستھرا رکھنے کیلئے بھی مسلسل اقدامات کئے جارہے ہیں۔ پینے کا صاف پانی فراہم کرنے کیلئے کمپنی کی جانب سے واٹر فلٹریشن پلانٹ کی تنصیب اور ٹینکوں کی تعمیر بھی عمل میں لائی گئی ہے۔

### بندوبست برائے انسانی وسائل:

کمپنی میں انسانی وسائل کے استعمال کیلئے ایک واضح پالیسی اور طریق کار مروج ہے جس کے تحت میرٹ کی بنیادوں پر شفاف طریقے سے بھرتیاں کی جاتی ہیں اور کارکردگی کی جانچ سے متعلق، معیارات مقرر ہیں جنھیں مدنظر رکھتے ہوئے تنخواہوں میں اضافے، ترقیوں، بونس کی ادائیگیوں اور نقد انعامات جیسے امور سرانجام دیئے جاتے ہیں۔ اپنی معاشرتی ذمہ داری کو محسوس کرتے ہوئے کمپنی کی جانب سے خصوصی افراد کو بھی بذریعہ تربیت اس قابل بنایا جاتا ہے کہ وہ خود داری کے ساتھ کمپنی کے معمالات میں اپنا کردار ادا کر کے باعزت زندگی گزار سکیں اور کمپنی کیلئے ایک قیمتی اثاثہ ثابت ہوں۔ ہماری جانب سے چند خصوصی افراد کو انسانی وسائل کے شعبے میں بھی ملازمت دی گئی ہے۔ کمپنی کی جانب سے تمام ملازمین کے ساتھ برابری کی بنیاد پر سلوک کیا جاتا ہے اور انھیں صنعت میں مروجہ معیار کے مطابق مشاہرہ ادا کیا جاتا ہے۔ کمپنی کی جانب سے اپنے ملازمین کو اضافی مراعات، سالانہ چھٹیاں، سفری سہولیات، طعام کی سہولیات اور کام

کے دوران حفاظتی اقدامات جیسی سہولیات فراہم کی جاتی ہیں اور ان کے علاوہ گروپ انشورنس، اولڈ ایج بینیفٹس انسٹیٹیوشن کو ادائیگیوں، ورکرز ویلفیئر فنڈ اور ورکرز پرافٹ پارٹیسی پیشن فنڈ کی سہولیات بھی فراہم کی جارہی ہیں۔ کمپنی کے ملازمین کی نجی زندگی یں عدم مداخلت کے اصولوں پر کمپنی سختی کے ساتھ کاربند ہے اور اس سلسلے میں مکمل دیانتداری اور بھروسے کے اصولوں کو اپنایا جاتا ہے۔

کمپنی کی جانب سے قرب وجوار کے علاقوں کو بھرپور فوائد بہم فراہم کئے جانے کی غرض سے اور ان کے معیار زندگی کو بلند کرنے کی غرض سے کمپنی کی جانب سے مقامی افراد کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔

## سرکاری خزانے اور معیشت میں کمپنی کا حصہ:

کمپنی کی جانب سے اپنی آمدن میں سے ٹیکسوں، ریٹس، ڈیوٹیز اور دیگر لیویز کی صورت میں قومی ترقی میں اپنا حصہ ملایا جارہا ہے۔

پاکستان اس وقت توانائی کے شدید بحران کی زد میں ہے اور اس بحران پر قابو پانے کیلیئے کوششیں کی جارہی ہیں۔ اس بحران کی وجہ سے لوڈشیڈنگ ایک معمول بنتا جارہا ہے جس سے تمام شعبے متاثر ہورہے ہیں خواہ صنعتی صارفین ہوں یا گھریلو صارفین۔ توانائی کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے کمپنی کی جانب سے اس سیکٹر میں خاطرخواہ سرمایہ کاری کی گئی ہے۔ اس سرمایہ کاری تحت مشینری وآلات کی تنصیب کی گئی ہے جس کے ذریعے کمپنی کی توانائی کی ضروریات کو پورا کیا جاتا ہے اور فاضل بجلی حیدرآباد الیکٹرک سپلائی کارپوریشن کو فروخت کردی جاتی ہے تاکہ ملک میں جاری توانائی کے بحران پر قابو پانے کیلیئے کسی حدتک ازالہ کیا جا سکے۔

## اخراجات:

کارپوریٹ معاشرتی ذمہ داری کے تحت کئے جانے والے اخراجات کو مالیاتی دستاویزات کے نوٹس میں بعنوان "Other Operating Cost" ظاہر کیا گیا ہے جن کی مالیت 3,026 ہزارروپے بنتی ہے (بمطابق 2017 یہ اخراجات 1,147 ہزارروپے تھے)۔

## سی ایس آر منصوبے:

عوام الناس کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کی غرض سے کمپنی آر او پلانٹ لگانے کا ارادہ رکھتی ہے۔